DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 10-06-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کونظرانداز کرنے پروزیراعلیٰ بزنجو کے اسلام آباد میں ڈیرے | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔پاکستان ایران تجارت معیشت میں تعاون کی نئی راہیں تلاش کریں،وزیراعظم | مشرق ودیگراخبارات |
| 3۔سول ہسپتال میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے،سردار عبدالرحمان کھیتران | مشرق ودیگراخبارات |
| 4۔بلوچستان میں ترقیاتی اقدامات کے مخالف بھی معترف ہے،احسان شاہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 5۔ہمیشہ مثبت اور تعمیری کاموں پر توجہ دی ہے زمرک اچکزئی | مشرق ودیگراخبارات |
| 6۔شیرانی کے جنگل میں لگنے والی آگ نے مقامی لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا،مولانا واسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔لسبیلہ وگوادر کے عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے،اسلم بھوتانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔بلوچستان سے جلد پولیو کا خاتمہ ہوگا،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔حادثات کی وجہ سے شاہراہوں کی غیر معیاری تعمیر ہے اپوزیشن ارکان،بلوچستان اسمبلی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔اوستہ محمد،حب اور کاریزات کوضلع بنانے کے اقدام خوش آئندہ ہیں،ترجمان حکومت | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔یونیورسٹی معاملہ طلباء تنظیمیں ایک ہفتہ کی جنگ بندی پر متفق،ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔ترجمان حکومت بلوچستان کا عامر لیاقت کے انتقال پر اظہار افسوس | 92نیوزودیگراخبارات |
| 13۔قلات،وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کا سرکاری اداروں کا دورہ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 14۔بلوچستان فوڈ اتھاٹی کی کارروائیاں مضرصحت آئسکریم اور قلفی بنانیوالی 2 فیکٹریاں سیل ایک کو جرمانہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔فرنٹیئر کی جانب سے مچھ میں دوروزہ فری میڈیکل کیمپ | مشرق ودیگراخبارات |
| 16۔لوگوں کو لسبیلہ کی تقسیم کے نقصانات سے آگاہی فراہم کی جائے،جام کمال | جنگ ودیگراخبارات |
| 17۔بلوچستان میں بلوچوں کی اقلیت میں بدلنے کی ہر سازش ناکام بنادی جائے گی،بی این پی | آزادی ودیگراخبارات |

## امن و امان

پنجگور میں نامعلوم افراد کی فائرنگ دوکاندار کلیم اللہ جاں بحق،بلوچستان یونیورسٹی طلباء میں تصادم اینٹوں وڈنڈوں سے حملے تین زخمی،بروری میں چار کلو چرس برآمد ایک ملزم گرفتار،

## عوامی مسائل

جان محمد روڈ کوچہ مختیار وفاضل شاہ میں گزشتہ کئی برس سے پانی کی قلت،واشک اساتذہ کی غیر حاضری پر معصوم طلباء کا روڈ بلاک احتجاج،کمرتوڑ مہنگائی تنخواہوں وپنشن کی عدم ادائیگی مزدوروں ملازمین کی احتجاجی ریلیاں،

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ10-06-2022**

## اداریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"بلوچستان میں ترقیاتی عمل حکومت کو اپنے وعدے پورے کرنے چاہییے "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اگلے مالی سال کی ترقیاتی پروگرام کےحوالے سے بتایا کہ بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر بجلی کے منصوبوں، تعلیم اور گوادر میں ترقی کے عمل تیز کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی بلوچستان میں 180 میگا واٹ کے بجلی منصوبے کیلئے ایران سے مذاکرات جاری ہیں جس سے مکران میں بجلی کا مسئلہ حل کرنے میں مدد ملے گی گوادر انٹرنیشنل ائر پورٹ اگلے سال مارچ میں مکمل کیا جائے گا جبکہ گوادر ہی میں یونیورسٹی کے قیام کے بھی منظوری دی گئی ہے ان کا کہنا تھا کہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں بلوچستان ہمارا ہدف ہوگا صوبے کے نوجوانوں کے لئے بھی کئی منصوبوں کا اغاز کیا جائے گا اگلے مالی سال کا وفاقی اور صوبائی بجٹ آنے والا ہے جنہیں تیزی سے حتمی شکل دی جارہی ہے بلوچستان کو ماضی میں پسماندہ اور احساس محرومی کا شکار رکھا گیا اس لئے یہاں دوسرے صوبوں کی طرح ایک مضبوط انفراسٹرکچر قائم نہ ہوسکا سی پیک منصوبے کے آغاز کے بعد بلوچستان کو اس منصوبے میں جو اہمیت دی جانی تھی وہ بھی نہیں دی گئی اس لئے یہاں وفاقی اور صوبائی دونوں سطحوں پر ترقی کا عمل تیز کرنے اور غیر معمولی وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے اس کے علاوہ ایران اور مکران کیلئے بجلی کے نئے منصوبے کو بھی تیزی سے آگے بڑھانے کی ضرورت ہے اس منصوبے کیلئے ایران کے ساتھ مذاکرات کا سلسلہ کافی عرصے سے جاری ہے لیکن نا معلوم وجوہات کی بناء پر اس میں تاخیر ہورہی ہے اس منصوبے کو ترجیحی بنیادوں حتمی شکل دینے کی ضرورت ہے تا کہ مکران خصوصا گوادر کیلئے بجلی کی ضروریات پوری ہوسکیں۔

## اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **" معشیت بجٹ اور بلوچستان کا مبنی بر حقیقیت موقف"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **" بلوچستان میں گندم اور آٹے کے بحران کا سد باب کیا جائے "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے **"Upcoming Balochistan Budget"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet ... Dated:



THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 20 روپے

جلد 51 | جمعۃ المبارک 10 ذیقعد 1443ھ 10 جون 2022ء | نمبر 159


# وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کو نظرانداز کرنے پر وزیراعلیٰ بزنجو کے اسلام آباد میں ڈیرے

## درخواست کے باوجود منصوبوں کو پی ایس ڈی پی میں شامل نہیں کیا، بلوچستان کا حصہ 100 ارب روپے بن رہا ہے، کوئی نیا پیکیج شامل نہیں، ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کو نظرانداز کرنے پر وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے اسلام آباد میں ڈیرے ڈال دیئے ذرائع کے مطابق بلوچستان میں پسماندہ اضلاع کی ترقی وخوشحالی کیلئے سابق حکومت کی جانب سے سادتھ بلوچستان پیکیج شامل کیا گیا تھا اس کے علاوہ بھی دیگر ترقیاتی منصوبے جو صوبے کی اولین ضروریات میں شامل تھے کو وفاق کی جانب سے پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز پی ایس ڈی پی سے متعلق ہونے والے اجلاس میں بلوچستان کو نظرانداز کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے خدشات وتحفظات دور ہونے تک وہیں رہنے کا فیصلہ کیا ہے، قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں وفاقی بجٹ برائے سال 2022-23 کی منظوری لینی تھی حکومت بلوچستان کی جانب سے وزیراعظم کے سامنے تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ وزیراعظم کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی لیکن معاملات حل نہ ہونے کی وجہ سے وزیراعلیٰ بلوچستان نے وفاق میں ڈیرے ڈال دیئے ہیں۔ پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کا حصہ 100 ارب روپے بن رہا ہے، وفاقی حکومت کی جانب سے اسپیشل پیکیج کو بلوچستان کا حصہ قرار دیا گیا ہے جبکہ ترقیاتی فنڈز کی مد میں امسال ملنے والا بجٹ کاٹ لیا گیا ہے۔

## وزیراعلیٰ کی جانب سے آئل ٹینکر ڈرائیور کیلئے 5 لاکھ انعام کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے آتشزدگی کے شکار آئل ٹینکر کو جان پر کھیل کر آبادی سے دور لیجانے والے ڈرائیور کے لئے 5 لاکھ روپے انعام دینے کا اعلان کر دیا۔ جمعرات کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے آتشزدگی کے شکار آئل ٹینکر کو جان پر کھیل کر آبادی سے دور لیجانے والے ڈرائیور کے لئے 5 لاکھ روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے، انہوں نے آئل ٹینکر ڈرائیور فیصل کی جرات اور بہادری کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ ٹینکر ڈرائیور نے اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر لوگوں کی جانوں کو محفوظ بنایا۔


کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز

جلد 50 | جمعہ 10 ذوالقعدہ 1443ھ 10 جون 2022ء، صفحات 12 | شمارہ 357

رجسٹرڈ BC-m-1 | ایکسچینج نمبرز 2829164 2821538-2821626 - فیکس 2835934 2830228 | قیمت 20 روپے


## ٹینکر ڈرائیور نے اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر لوگوں کی جانوں کو محفوظ بنایا، عبدالقدوس بزنجو

### آئل ٹینکر کو جان پر کھیل کر آبادی سے دور لیجانے والے ڈرائیور کیلئے 5 لاکھ روپے انعام کا اعلان

### ڈاکٹر عامر لیاقت کی وفات کا سن کر دلی افسوس ہوا مرحوم ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے

کوئٹہ (ج ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے آتشزدگی کے شکار آئل ٹینکر کو جان پر کھیل کر آبادی سے دور لیجانے والے ڈرائیور کے لئے 5 لاکھ روپے ......

بقیہ نمبر 25 صفحہ 9 پر

انعام دینے کا اعلان کر دیا۔ جمعرات کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے آتشزدگی کے شکار آئل ٹینکر کو جان پر کھیل کر آبادی سے دور لیجانے والے ڈرائیور کے لئے 5 لاکھ روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے، انہوں نے آئل ٹینکر ڈرائیور فیصل کی جرات اور بہادری کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ ٹینکر ڈرائیور نے اپنی زندگی خطرے میں ڈال کر لوگوں کی جانوں کو محفوظ بنایا، دریں اثنا وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کی وفات پر دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے، اپنے جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کی وفات کا سن کر دلی افسوس ہوا مرحوم ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے، انہوں نے کہا کہ مرحوم سینئر سیاستدان مذہبی سکالر اور معروف ٹی وی اینکر بھی تھے۔ انہوں نے مرحوم کے خاندان سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا کرے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 JUN 2022 Page No. 3

## شیرانی کے جنگل میں لگنے والی آگ نے مقامی لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا، مولانا واسع

**لوگ اپنا ذریعہ معاش کھو چکے، متاثرہ علاقوں کیلئے اسپیشل فنڈ قائم کیا جائے، خط میں وزیراعظم سے اپیل**

اسلام آباد (پ ر) مولانا عبدالواسع نے بطور وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی خط کے ذریعے وزیراعظم کو آگاہ کیا کہ گزشتہ دنوں لگنے والی آگ پر قابو پانے اور امدادی کاموں کو مزید تیزی سے سرانجام دینے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر بلوچستان کے ڈسٹرکٹ شیرانی، ڈسٹرکٹ موسیٰ خیل اور خیبر پختونخوا کے ڈسٹرکٹ ڈیرہ اسماعیل خان کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر نے اپنے خط میں وزیراعظم کو اپنے دورے سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ آگ کے بعد مقامی افراد کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ اس افسوسناک اور ناقابل فراموش واقع میں جہاں قیمتی جانی نقصان ہوا وہیں چلغوزوں کے درخت بری طرح سے جل کر راکھ ہوچکے ہیں جس کی وجہ سے لوگ اپنا ذریعہ معاش کھو چکے ہیں۔ چونکہ وہاں کے لوگوں کا گزر بسر چلغوزوں کی خرید وفروخت سے ہی منسلک تھا جو کہ اب نہیں رہا۔ مولانا عبدالواسع نے وزیراعظم سے اپنے لوگوں کی اس مشکل گھڑی میں مدد کرنے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ آگ سے متاثرہ بلوچستان اور کے پی کے کے علاقوں کے لیے فوری اسپیشل فنڈز کا اعلان کیا جائے۔ جس سے لوگوں کے نقصانات کا ازالہ کیا جاسکے اور لوگ اپنے معمولات زندگی احسن طریقے سے سرانجام دے سکیں۔ وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع کو وزیراعظم نے بلوچستان میں امدادی کارروائیوں کے لیے اپنا نمائندہ خصوصی مقرر کیا تھا۔ وزیراعظم بلوچستان کے اضلاع شیرانی، موسیٰ خیل اور صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع ڈی آئی خان کے جنگلات میں لگنے والی آگ کو بجھانے کی کارروائیوں میں اشتراک عمل بہتر بنانے کے لیے یہ اقدام اٹھایا تھا۔

MASHRIQ QUETTA

## لسبیلہ و گوادر کے عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے، اسلم بھوتانی

**صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی خصوصی توجہ سے جائز مسائل حل ہو رہے ہیں، رکن قومی اسمبلی**

اوتھل (آن لائن) رکن قومی اسمبلی لسبیلہ و گوادر محمد اسلم بھوتانی نے کہا ہے عوامی خدمت ہمارا مشن ہے لسبیلہ و گوادر کے عوام کی خدمت کا سلسلہ مسلسل جاری ہے کسی بھی صورت میں عوام کو مایوس نہیں کیا جائیگا ضلع لسبیلہ و گوادر کے عوام نے ہمیشہ عزت بخشی ہے جس کو کبھی فر......

بقیہ نمبر 47 صفحہ 10 پر

اموش نہیں کیا جائیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں بھوتانی گروپ اوتھل کے سینئر رہنما حاجی قادر بخش خاصخیلی سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ضلع لسبیلہ و گوادر کے لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جا رہے ہیں اور انشاءاللہ یہ عوامی خدمت کا سلسلہ ہمیشہ جاری و ساری رہے گا انہوں نے کہا کہ نہ ماضی میں عوام کو مایوس کیا ہے اور نہ ہی مستقبل میں مایوس کریں گے بلکہ حقیقی معنوں میں عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی و وفاقی حکومت بھی لسبیلہ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انشاءاللہ عوام کے جائز مسائل اب فوری طور پر حل ہو رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 10 JUN 2022 Page No. 6

Bullet No. 2


## اوستہ محمد، حب اور کاریزات کو ضلع بنانے کا اقدام خوش آئند ہے، ترجمان حکومت

**حکومت نے نئے اضلاع کی منظوری دیکر عوام کے دل جیت لئے ہیں، فرح عظیم شاہ، عامر لیاقت کے انتقال پر اظہار افسوس**

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے اوستہ محمد، حب اور کاریزات کو ضلع بنانے کے اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجود صوبائی حکومت کی جانب صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے

کمیٹی برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ کا اجلاس سینیٹر مظفر حسین شاہ کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ کاٹن کی سپورٹ پرائس کے حوالے سے سیکرٹری نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ نے بتایا کہ کپاس کی سپورٹ پرائس 5ہزار 700 روپے مقرر کی ہے جس پر چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ کپاس کی یہ سپورٹ پرائس کم ہے جس سے کپاس کے کاشتکاروں کی ضروریات پوری نہیں ہوں گی۔ کمیٹی نے کپاس کی سپورٹ پرائس 8ہزار سے 9ہزار مقرر کرنے کی تجویز پیش کی۔ کمیٹی نے گندم کی پیداوار میں کمی پر خدشات کا اظہار کیا۔ کمیٹی نے اگلی میٹنگ میں گندم کی پیداوار میں کمی کی وجوہات اور گندم کی پیداوار بڑھانے کے حوالے سے سفارشات بارے بریفنگ طلب کرلی۔ پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی (پی سی سی سی) کو پاکستان ٹیکسٹائل ملز سے کاٹن سیس کی وصولی سے متعلق مسئلہ بھی کمیٹی میں زیر غور آیا۔ سینیٹرز ثانیہ نشتر، کیشو بھی، جام مہتاب حسین ڈاہر، سیمی ازدی اور محمد اکرم کے علاوہ وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ طارق بشیر چیمہ اور وزارت کے حکام بھی کمیٹی اجلاس میں شریک ہوئے۔

## یونیورسٹی معاملہ، طلباء تنظیمیں ایک ہفتے کی جنگ بندی پر متفق

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، پرو وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی اور دیگر فیکلٹی نے بلوچ اور پشتون طلباء تنظیموں کے عہدیداروں کے ساتھ کامیاب مذاکرات کئے مذاکرات میں اہم فیصلے کئے گئے دونوں طلباء تنظیموں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ یہ بلوچ پشتون کا قبائلی مسئلہ نہیں بلکہ یونیورسٹی آف بلوچستان میں طلباء تنظیموں کا مسئلہ ہے دونوں طلباء تنظیموں نے ایک ہفتے کے لیے سیز فائر پر اتفاق کیا اور وہ جنگ بندی کے حوالے سے پریس ریلیز جاری کریں گے مقررہ وقت کے اندر پرو وائس چانسلر کی صدارت میں بنائی گئی کمیٹی اپنی سفارشات پیش کرے گی یونیورسٹی کل صرف طلبہ کے لیے بند رہے گی اور پیر سے طلبا اپنے امتحانات میں شیڈول کے مطابق شرکت کریں گے کسی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لئے محکمہ پولیس بوائز ہاسٹل میں فورسز کی تعیناتی کو یقینی بنائے گا۔

## پیرکوہ میں واٹر سپلائی سسٹم کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائیگا، ایف سی نارتھ

**عوام کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کیلئے 2 واٹر فلٹریشن سولر پلانٹس کا افتتاح جلد کیا جائے گا، اجلاس**

کوئٹہ (آن لائن) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیرکوہ میں پانی کے بحران اور ہیضے کی وبا پر قابو پانے کیلئے اقدامات جاری ہیں پیرکوہ میں پانی کی کمی اور ہیضے کی وبا پر قابو پانے کیلئے گزشتہ روز ایف سی حکام، مقامی آبادی اور متعلقہ سرکاری محکموں کے حکام کے ساتھ وبا اور پانی کے بحران پر قابو پانے کیلئے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں

پانی کے بحران اور ہیضے کی وبا پر قابو پانے کیلئے کمانڈر 12 کور اور آئی جی ایف سی کی ہدایات پر عمل درآمد سے متعلق مختلف پہلوؤں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں طے پایا کہ عام آبادی کو مفت اور پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لیے 2واٹر فلٹریشن سولر پلانٹس کا افتتاح ہنگامی بنیادوں پر کیا جائے گا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ایس ڈی او پی ایچ ای اور متعلقہ اداروں کے افسران کے علاوہ مقامی عمائدین نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف مسائل پر پیشرفت کا جائزہ لیتے ہوئے طے پایا کہ مقامی لوگوں میں امدادی سامان کی تقسیم کو جلد ہی عمل میں لایا جائے گا اور مقامی وڈیروں، معززین اور نوجوانوں کے ساتھ مل کر مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ پیرکوہ میں واٹر سپلائی سسٹم کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائیگا جبکہ 20بستروں پر مشتمل ریجنل ہیلتھ سنٹر کی تعمیر جلد مکمل کر کے عملے کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ علاوہ ازیں، جان نالہ سے پیرکوہ تک پانی کی فراہمی کی فزیبلٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے بہتر نالے پر نئے بور تعمیر کیے جائیں گے۔ پیرکوہ سے تعلق رکھنے والے ایف سی پبلک اسکول کے طلبا کی آمدورفت کے لیے اسکول بسوں کی فراہمی میں تیزی لائی جائے گی اور واٹر سپلائی سسٹم پیرکوہ کی تکمیل تک پیرکوہ کو واٹر باؤزرز سے پانی کی سپلائی یقینی بنائی جائے گی۔ مقامی افراد نے ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے بروقت اور چوبیس گھنٹے کرائسز مینجمنٹ کی خدمات کو سراہتے ہوئے فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کی سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔


92 نیوز کوئٹہ


## ترجمان حکومت بلوچستان کا عامر لیاقت کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (اے پی پی) ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے رکن قومی اسمبلی، اسکالر اور اینکر عامر لیاقت کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی سیاسی، سماجی اور علمی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 5 نمبر 36)

سوگوار خاندان اور لواحقین سے اظہار تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ اور لواحقین کو صدمہ صبر و استقامت سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔


INTEKHAB QUETTA


## قلات، وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کا سرکاری اداروں کا دورہ

قلات (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان کی معائنہ ٹیم کا مختلف سرکاری اداروں کا دورہ وزیراعلیٰ کا سرکاری اداروں کی کارکردگی بڑھانے کے لیے اور گراس روٹ لیول پر عوام کو سہولتیں پہنچانے کے لیے اہم اقدام ٹیم کی جانب سے سرکاری محکموں کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور انہیں کے بہتری کے لیے تجاویز بھی بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

دیں تفصیلات کے مطابق قلات میں گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے تشکیل دی گئی معائنہ کمیٹی قلات پہنچ گئی اور تمام سرکاری اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور سرکاری محکموں کی کارکردگی بڑھانے کے مختلف تجاویز بھی پیش کئے کمیٹی کی قیادت رکن ایم آئی ٹی اکبر علی خان ایڈیشنل ممبر عبدالغفار اور ایڈیشنل ممبر راز محمد کر رہے تھے خصوصی کمیٹی نے ڈی ایچ کیو قلات محکمہ تعلیم پی ایچ ای ایریگیشن سی اینڈ ڈبلیو اور دیگر محکموں کا دورہ کر کے ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 10 JUN 2022 Page No. 7


## بلوچستان بھر میں گندم کی نقل و حرکت پر دفعہ 144 نافذ

# عوام کو سستا آٹا فراہم کیا جا رہا ہے، سیکرٹری خوراک

نصیر آباد ڈویژن سے دس لاکھ گندم کی بوریاں خرید کی جائیں گی، کسان و تاجر برادری محکمہ خوراک سے تعاون کریں، محمد ایاز مندوخیل

گندم کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، دورہ اوستہ محمد کے موقع پر مشرق سے گفتگو

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری خوراک بلوچستان محمد ایاز مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کی عوام کو سستے داموں آٹا کی فراہمی یقینی بنائیں گے بلوچستان بھر میں گندم کی نقل و حرکت پر دفعہ 144 نافذ ہے اور اجناس کی نقل و حمل پر کوئی پابندی نہیں نصیر آباد ڈویژن سے دس لاکھ گندم کی بوریاں خرید کی جائیں گی، کسان و تاجر برادری محکمہ خوراک سے تعاون کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ اوستہ محمد کے موقع پر مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، ہولڈنگ کمیشن کے افسران اور سنٹر انچارج اسلم شاہ و محمد سید جعفر بھی اس موقع پر موجود تھے، سیکرٹری خوراک نے مزید کہا کہ گندم کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور محکمہ خوراک نے گندم خرید کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا ہے، سندھ پنجاب میں حکومتی سطح پر قیمتوں میں اضافہ نہیں کیا گیا ہے، بلوچستان میں کسانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی بنیادوں پر اقدامات کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی کرنے والا مافیا بلوچستان سمیت ملک میں آٹا کا بحران پیدا کرنا چاہتے ہیں لیکن حکومت عوام کے تعاون سے ان کے منصوبے کو ناکام بنائے گی انہوں نے کہا کہ محکمہ خوراک کے اہلکار اپنے فرائض دیانتداری کے ساتھ سرانجام دیں اور صاف و شفاف معیاری گندم خرید کر کے فوری طور پر رقم کی ادائیگی کو ممکن بنائیں، دوریں اثناء سیکرٹری خوراک سے رائس ملز ایسوسی ایشن کے عہدے داران اور مقامی زمینداروں نے ملاقات کر کے گندم خریداری میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر نصیر آباد ڈویژن میر ظفر علی جنگوئی شاہجہان مکسی اور محکمہ خوراک کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔

## بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں

# مضر صحت آئسکریم و قلفی بنانے والی 2 فیکٹریاں سیل، ایک کو جرمانہ

آئسکریم اور قلفی میں فوڈ کلرز کی جگہ مضر صحت رنگ و آلودہ پانی استعمال کیا جا رہا تھا، صفائی و نکاسی آب کے انتظامات انتہائی خراب اور مشینری زنگ آلود پائی گئی

[illegible]

کوئٹہ، بولان (ء ن) کوئٹہ میں مضر صحت آئسکریم اور قلفی بنانے والی فیکٹریوں کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے غیر معیاری پروڈکشن اور بی ایف اے فوڈ بزنس لائسنس کی عدم......

بقیہ نمبر 38 صفحہ 10 پر

## فرنٹیئر کور کی جانب سے مچھ میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ

3000 سے زائد مریضوں کا مفت معائنہ کر کے ادویات بھی تقسیم کی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) غزہ بند سکاؤٹس کی جانب سے بولان کے علاقے مچھ سول اسپتال میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ منعقد کیا......

بقیہ نمبر 13 صفحہ 10 پر

دستیابی پر 2 فیکٹریاں سیل جبکہ 1 فیکٹری پر بھاری جرمانہ عائد کر دیا۔ بی ایف اے حکام نے فیکٹریوں کے خلاف کارروائی ڈائریکٹر آپریشنز (ہیڈ کوارٹر) طارق حسین کی سربراہی میں مشرقی بائی پاس و ملحقہ علاقوں میں کی۔ ڈائریکٹر آپریشنز بی ایف اے کے مطابق بچوں کیلئے تیار کردہ آئسکریم اور قلفی میں فوڈ کلرز کی جگہ مضر صحت رنگ و آلودہ پانی استعمال کیا جا رہا تھا، فیکٹریوں میں صفائی و نکاسی آب کے انتظامات انتہائی خراب اور مشینری زنگ آلود پائی گئی جبکہ آئسکریم و قلفیوں کی پیکنگ پر پہلے سے مینوفیکچرنگ اور ایکسپائری تواریخ پرنٹ کی گئی تھیں۔ مزید برآں فیکٹریوں میں کام کرنے والے ورکرز کی ذاتی صفائی کی حالت خراب اور میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹس بھی موجود نہیں تھے، جس پر ابتدائی مرحلے میں 2 فیکٹریوں کو سربمہر اور 1 پر جرمانہ عائد کرتے ہوئے مزید قانونی کارروائی آغاز کر دیا گیا۔

گیا۔ میڈیکل کیمپ میں اسپیشلسٹ ڈاکٹرز نے 3000 سے زائد مریض جن میں 1439 بچے اور 876 خواتین شامل تھیں کا معائنہ کیا اور انہیں ادویات فراہم کیں۔ کیمپ میں مختلف بیماریوں کی تشخیص کیلئے لیبارٹری ٹیسٹ کی سہولیات بھی فراہم کی گئی۔ مقامی افراد نے فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کی جذبہ خیر سگالی کو سراہتے ہوئے ایف سی کے اعلیٰ حکام کو شکریہ ادا کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 10 JUN 2022 Page No. 9

## بلوچستان یونیورسٹی: طلباء میں تصادم، اینٹوں و ڈنڈوں سے حملے، 3 زخمی

**حالات کشیدہ ہونے کے بعد پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری طلب، متحارب گروپوں کو منتشر کرنے کیلئے شیلنگ کرنا پڑی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان یونیورسٹی میں طلباء کے دو گروپوں میں تصادم دونوں گروپوں نے ایک دوسرے پر اینٹوں اور ڈنڈوں سے حملہ آور ہوئے جس کے نتیجے میں 3 طلباء زخمی ہوگئے۔ گزشتہ روز بلوچستان یونیورسٹی میں دو طلباء گروپوں میں تصادم کے دوران لاٹھی اور گھونسے لگنے سے 3 طلباء محمد اسلم ولد مولاداد، اکمل خان ولد جمعہ خان اور ایک اور طالب علم زخمی ہوگیا جس کے بعد یونیورسٹی میں حالات کشیدہ ہونے پر انتظامیہ کی جانب سے پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری طلب کرلی گئی پولیس اور ایف سی نے موقع پر پہنچ کر دونوں گروپوں کو منتشر کرنے کیلئے شیلنگ کی، حالات کو معمول پر لانے کیلئے فورسز کی مزید نفری طلب کرلی گئی ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے۔

## پنجگور: مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

پنجگور (نامہ نگار) چتکان بازار میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ ہسپتال منتقل پولیس ذرائع کے مطابق پنجگور چتکان بازار میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے فائرنگ کرکے دکان میں بیٹھے کلیم اللہ نامی شخص شدید زخمی کردیا جو ہسپتال پہنچ کر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔

MASHRIQ QUETTA

## پنجگور میں نامعلوم افراد کی فائرنگ دوکاندار کلیم اللہ جاں بحق

**مل کے علاقے میں گاڑی کھڑے ٹرک سے ٹکرا گئی چھ افراد شدید زخمی**

کوئٹہ مل (سٹی رپورٹر، نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں نامعلوم افراد کا دکان پر فائرنگ سے دکاندار جاں بحق پولیس کلیم اللہ ولد ظفر سکنہ عیسیٰ چتکان بازار......

بقیہ نمبر24 صفحہ 10 پر

میں اپنے پٹرول کے دکان کھول کر صفائی کر رہا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوا انہیں طبی امداد دینے کیلئے سول ہسپتال منتقل کیا جو انتہائی تشویشناک حالت میں زخموں کا تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا دوسری جانب گزشتہ رات کوئٹہ کے علاقے جوریکن کے قریب فیلڈر اور کھڑی ٹرک میں حادثہ فیلڈر میں سوار خاتون سمیت 6 افراد شدید زخمی ہوگئے فیلڈر گاڑی والے بدنین سے ایک زخمی شخص کو کوئٹہ لے جا رہا تھا گزشتہ رات کے وقت گاڑی کھڑی ٹرک کے پیچھے سے ٹکرا گئی اس طرح فیلڈر گاڑی میں سوار افراد زخمی کو لیجاتے ہوئے خود زخمی ہوگئے۔

## بروری میں چار کلو چرس برآمد ایک ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) پولیس تھانہ بروری کی منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی، 1 ملزم گرفتار 4 کلو چرس برآمد، تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز عبدالحق عمر......

بقیہ نمبر33 صفحہ 10 پر

کی ہدایت، ایس پی آپریشنز صدر سرکل عادل عامر کی زیر نگرانی ایس ایچ او شوکت جدون نے ایڈیشنل ایس ایچ او توحید احمد اے ایس آئی لیاقت علی و سٹاف آپریشن منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم سمیع اللہ ولد نورالحق قوم نورزئی سکنہ جس سے دوران چیکنگ 4000 گرام چرس پیکٹ اور موٹر سائیکل یاماہا نمبر NIL انجن و چیسز نمبر 3AH8434022K برآمد ہوئی جس کو حسب ضابطہ گرفتار کرکے مزید تفتیش کے لیے حوالے انوسٹی گیشن سٹاف کے کیا گیا۔ مزید کارروائی بروری پولیس کر رہی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 10 JUN 2022 Page No. 10


## جان محمد روڈ کوچہ مختیار و فاضل شاہ میں گزشتہ کئی برس سے پانی کی قلت

مہنگائی میں متوسط و غریب طبقے کے لوگوں کیلئے پانی خریدنا مشکل ہوگیا، ٹیوب ویل نصب کیا جائے، خالد ٹخی، بشیر احمد زہری و دیگر کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جان محمد روڈ کوچہ مختیار کوچہ فاضل شاہ و ملحقہ گلیوں میں گزشتہ کئی سال سے پانی کی قلت ٹینکر مافیا کی چاندی ہوگئی۔ بی این پی کی مرکزی کونسل کے ممبر خالد ٹخی، یونٹ سیکرٹری بشیر احمد زہری، ضلعی کونسلر محمد حذیفہ اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری زوہیب زہری نے بتایا کہ گزشتہ چار دہائیوں سے علاقے میں پانی نہیں ہے لوگ مہنگے داموں واٹر ٹینکر خرید کر ضروریات پوری کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ ایک ماہ کے دوران پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا جس کے باعث ٹینکر مافیا نے ریٹس بھی بڑھا دیے ہیں علاقے میں اکثر لوگ متوسط و غریب طبقے سے تعلق رکھتے ہیں جن کیلئے اخراجات پورے کرنا مشکل ہوگیا ہے چار سال کے دوران منتخب ایم این اے اور ایم پی اے نے علاقے کا دورہ کرنیکی زحمت بھی نہیں کی انہوں نے کہا کہ کچھ عرصہ قبل سیکرٹری پی ایچ ای اور ایم ڈی واسا نے دورہ کرکے مسئلہ حل کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی لیکن تاحال پانی کی قلت برقرار ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ علاقے میں ٹیوب ویل نصب کرکے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے ورنہ شدید احتجاج کریں گے جس کی ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

## واشک: اساتذہ کی غیر حاضری پر معصوم طلبا کا روڈ بلاک احتجاج

گورنمنٹ پرائمری اسکول سولدان کو تالا لگا ہوا ہے، بچوں کی زندگی تباہ ہورہی ہے، ضلعی انتظامیہ پر احتجاج کا کوئی اثر نہیں ہو

واشک (نامہ نگار) گورنمنٹ پرائمری اسکول سولدان کے طلباء نے اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے واشک ٹو ماشکیل روڈ کو بلاک کرکے احتجاج کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہماری کلی سولدان کے عوام تعلیم کی تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ سولدان گورنمنٹ پرائمری اسکول کو تالا لگا ہوا ہے، اساتذہ اپنی ڈیوٹی سے غائب ہیں۔ بچے کھجور کے باغات و گلیوں میں گھومتے پھرتے ہیں اور ان کی زندگی تباہ ہورہی ہے۔ سولدان کا گلوبل اسکول بھی بند اور ویران پڑا ہے۔ بچوں کا مستقبل برباد ہورہا ہے، محکمہ تعلیم واشک بچوں کو تعلیم دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے۔ اسکولوں میں کلسٹر فنڈز کرپشن کی نظر ہورہے ہیں، جن کی وجہ سے اسکولوں میں ڈیسک، کرسیاں، باتھ روم اور پینے کیلئے صاف پانی تک میسر نہیں ہے۔ کلی سولدان کے بچوں نے اپنی تعلیم کے حصول کیلیے واشک ٹو ماشکیل شاہراہ کو بند کیا لیکن ان کے احتجاج سے ضلعی انتظامیہ و ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کو کوئی فرق نہیں پڑا۔ سولدان کے بچوں نے حکومت بلوچستان و سیکرٹری ایجوکیشن سے اپیل کی ہے کہ خدارا ہمارے مستقبل کو تباہ ہونے سے بچائیں، ہمارے اسکولوں کو فعال بنانے میں اہم کردار ادا کریں۔


Century Express Quetta


## کمر توڑ مہنگائی، تنخواہوں و پنشن کی عدم ادائیگی، مزدوروں و ملازمین کی احتجاجی ریلیاں

اپ گریڈیشن پروموشن کے بغیر اداروں میں براہ راست بھرتیوں کیخلاف میٹرو پولیٹن کارپوریشن، واسا اور دیگر اداروں کے ملازمین سراپا احتجاج بن گئے

لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان کی زیر قیادت ایدھی چوک پر دھرنا، ناانصافیوں کیخلاف ہڑتال کی کال دینگے، خان زمان، حاجی بشیر، قاسم خان اور دیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) غریب عوام اور ملازم دشمن حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے بے قابو اور کمر توڑ مہنگائی کے باعث پیدا ہونے والے مسائل مزدوروں و ملازمین کو تنخواہوں و پنشن کی ادائیگی نہ ہونے اپ گریڈیشن پروموشن کے بغیر اداروں میں براہ راست بھرتیوں کیخلاف کوئٹہ میں میٹرو پولیٹن کارپوریشن۔ واسا۔ بی اینڈ آر اریگیشن مارکیٹ کمیٹی کیوڈی اے۔ ایگریکلچرل انجینئرنگ بی ڈی اے اور دیگر اداروں کے ملازمین سراپا احتجاج بن گئے واسا ہیڈ آفس زرغون روڈ۔ کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور چیف انجینئرز کمپلیکس چمن پھاٹک سے مزدوروں و ملازمین کی احتجاجی ریلیاں بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان کی قیادت میں ایدھی چوک پر عظیم الشان دھرنا اور مظاہرہ تنخواہوں و پنشن کی فوری ادائیگی محکمہ واسا اور کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے ڈھانچے میں بلا جواز تبدیلی اندرون بلوچستان میونسپل اداروں کو تنخواہیں پنشن گریجویٹی نہ دینے محکمہ مواصلات و تعمیرات (بی اینڈ آر) میں غیر قانونی پروموشن کمیٹی کے خاتمے اور دیگر مسائل کے حل کیلئے شدید نعرے بازی کی گئی ایدھی چوک پر احتجاجی جلسے سے فیڈریشن کے صدر خان زمان حاجی بشیر احمد قاسم خان تنویر اسلم عابد بٹ منظور احمد محمد عمر جنگ حاجی عبدالعزیز شاہوانی میر زیب شاہوانی عارف نیچاری دین محمد محمد حسنی ملک وحید کاسی ظفر خان رند اور دیگر مزدور رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومتوں کے پاس ادارے چلانے کیلئے کوئی پالیسی نہیں آج ملازمین تنخواہوں پنشن گریجویٹی اور دیگر مراعات کیلئے سراپا احتجاج ہیں۔ ملازمین ہر ماہ سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہیں اندرون بلوچستان میونسپل ادارے جام ہیں کئی اضلاع میں تنخواہوں کا ریلیز جاری نہیں ہوا ان ناانصافیوں کیخلاف بلوچستان بھر میں اوزار چھوڑ ہڑتال کی کال دیں گے۔ بی اینڈ آر اریگیشن مارکیٹ کمیٹی کیوڈی اے۔ ایگریکلچرل انجینئرنگ بی ڈی اے اور دیگر اداروں میں ملازمین کے حقوق سلب کیے جا رہے ہیں۔ ملازمین پرموشن اپ گریڈیشن نہ ملنے پر سراپا احتجاج بن چکے ہیں جبکہ حکومت اور وزراء راتوں رات دوران ڈیوٹی فوت اور ریٹائر ہونیوالے ملازمین کی خالی پوسٹوں پر بھرتیاں کرنا چاہتی ہے جس کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مزدور رہنماؤں نے کہا کہ امریکی سامراجی قوتوں آئی ایم ایف ورلڈ بنک کی پالیسیوں کو لاگو کرکے ملک کے غریب عوام محنت کش طبقے ملازمین سے جینے کا حق چھینا جا رہا ہے پٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا جن بے قابو ہوچکا ہے غریب عوام مزدور دو وقت کی روٹی کے محتاج ہوگئے۔ آئندہ چند روز میں اس مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5    Dated: 10 JUN 2022    Page No. 11

## موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کی پکڑ دھکڑ

# ڈی ایس پی ٹریفک سریاب سے شہری نالاں

### جگہ جگہ کاغذات کی جانچ پڑتال، گاڑیاں بند کر کے لاکھوں روپے کی مبینہ وصولی، افسر اور ماتحت عملے نے لوگوں کا جینا محال کر دیا، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور چور لٹیروں کو کھلی چھوٹ

### لوگ کالے شیشوں والی گاڑیوں میں اسلحہ لیکر سرعام گھوم پھر رہے ہیں، انہیں پوچھنے والا کوئی نہیں، پولیس اہلکاروں نے عام شہریوں کا سکون برباد کر دیا (شہری) معطل کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی ایس پی ٹریفک سریاب سرکل اور ماتحت عملے نے لوگوں کا جینا محال کر دیا، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور چور لٹیروں کو کھلی چھوٹ دے دی گئی، شہریوں کی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بند کر کے مبینہ طور پر لاکھوں روپے وصول کیے جا رہے ہیں، شہریوں نے آئی جی پولیس و دیگر حکام بالا سے ڈی ایس پی سریاب سرکل اور تھانے کے عملے کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لا کر معطل کرنے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت سریاب سرکل کے ڈی ایس پی ٹریفک عبدالواحد بزنجو اور دیگر پولیس اہلکاروں نے شہریوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے، جگہ جگہ تلاشی اور کاغذات چیک کرنے کے نام پر سرکاری و غیر سرکاری ملازمین، مزدوروں اور عام شہریوں کو روک گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بند کر کے لاکھوں روپے وصول کر رہے ہیں جس کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، ڈی ایس پی سریاب سرکل اور دیگر اہلکار شہریوں کے تحفظ کا فریضہ بھول کر لوگوں کو تنگ کرنے پر اتر آئے ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ علاقے میں لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کو مکمل چھوٹ حاصل ہے، لوگ کالے شیشوں والی گاڑیوں میں اسلحہ لے کر سرعام گھومتے رہتے ہیں مگر انہیں پوچھنے والا کوئی نہیں ہے، چوری، ڈکیتی اور موٹر سائیکلیں چھیننے کی وارداتیں بھی معمول بن گئیں، چور و ڈاکو شہریوں کو نقدی، موبائل فون و دیگر قیمتی اشیا سے محروم کر کے فرار ہو جاتے ہیں مگر پولیس اہلکاروں نے ایسے عناصر کی سرکوبی کے بجائے عام شہریوں کا سکون برباد کر دیا، انہوں نے آئی جی پولیس و دیگر حکام سے اپیل کی کہ ڈی ایس پی سریاب سرکل عبدالواحد بزنجو و دیگر اہلکاروں کو معطل کر کے سخت کارروائی کی جائے۔

# خضدار اور وڈھ میں لیویز اہلکار بے لگام، خواتین کو یرغمال بنا لیا

### تعارف کے باوجود بات سننے سے انکار، نجی مقام پر لے جا کر 2 گھنٹے یرغمال بنائے رکھا، گاڑی کو تلاشی کے نام پر ادھیڑ دیا

### برآمدگی نہ ہونے کے باوجود مزید 2 گھنٹے بٹھائے رکھا، خاندان کراچی جانے کے بجائے واپس کوئٹہ آ گیا، عوامی حلقوں کی مذمت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خضدار اور وڈھ کے علاقے میں لیویز اہلکاروں کی غنڈہ گردی اور بدمعاشی عروج پر پہنچ گئی، قومی شاہراہ پر سفر کرنے والے شہریوں کیساتھ ناروا رویہ (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

اختیار اور بلاجواز ہراساں کر کے ہزاروں روپے بٹورنا معمول بن گیا، معزز گھرانے کی خواتین کیساتھ بدتمیزی کی اور 2 گھنٹے تک یرغمال بنائے رکھا، مکمل تلاشی کے باوجود تسلی نہ ہونے پر خواتین کو 3 گھنٹے بٹھائے رکھا، تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر قدوس بزنجو کے واضح احکامات کے باوجود لیویز نے صوبے کے مختلف علاقوں میں غیر ضروری چیک پوسٹیں ختم نہیں کیں، اسمگلرز اور جرائم پیشہ افراد کے بجائے عام شہریوں کو تنگ کرنا معمول بنا لیا، جمعرات کو وڈھ کے مقام پر لیویز چوکی پر صوبے کے معزز گھرانے کی خواتین کیساتھ لیویز اہلکاروں نے انتہائی ہتک آمیز رویہ اور ناروا سلوک کیا، الزام لگایا کہ گاڑی میں منشیات فٹ کی گئی تھی جبکہ گاڑی بھی غیر قانونی ہے جس پر گاڑی میں موجود افراد نے لیویز اہلکاروں سے تعارف بھی کرایا لیکن لیویز اہلکاروں نے بات سننے سے انکار کر دیا، خواتین اور گاڑی کو نجی مقام پر لے گئے، 2 گھنٹے یرغمال بنائے رکھا، گاڑی کو تلاشی کے نام پر ادھیڑ کر رکھ دیا، کچھ برآمد نہ ہونے پر شرمندہ ہونے کی بجائے مزید 2 گھنٹے تک خواتین اور دیگر افراد کو شدید گرمی میں بٹھائے رکھا جس پر خاندان کراچی جانے کے بجائے واپس کوئٹہ آ گیا، بلوچستان کے سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ملوث افراد کیخلاف فوری کارروائی کرتے ہوئے معطل کر کے تحقیقات کی جائے، کوئٹہ کراچی شاہراہ پر امن و امان کی صورتحال خراب ہوتی جا رہی ہے لیکن انتظامیہ ٹس سے مس نہیں ہو رہی، اگر یہی صورتحال رہی تو ایک بار پھر کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ عوام کیلئے نو گو ایریا بن جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 10 JUN 2022 Page No. 12


## معیشت، بجٹ اور بلوچستان کا مبنی بر حقیقت موقف!!

وفاقی حکومت نے رواں مالی سال کی اقتصادی جائزہ رپورٹ جاری کردی ہے جس میں معیشت اور مختلف شعبوں کی شرح نمو کے حوالے سے جامع تفصیلات اور ہوشربا حقائق سامنے لائے گئے ہیں، رپورٹ جمعرات کو جاری ہوئی ہے اور اس حوالے سے جو پریس کانفرنس اور میڈیا بریفنگ دی گئی ہے اس میں وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر معیشت کو درپیش چیلنجز، موجودہ صورتحال اور حکومت کی ترجیحات سے متعلق دوٹوک انداز میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے اہم ترین مسئلے کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی سمت سدھارنے کی ضرورت ہے ان کے بقول ہمیں مشکل فیصلے لینے پڑے، ملک دیوالیہ ہونے کی طرف جارہا تھا اب ہم اس راستے سے ہٹ گئے ہیں اب استحکام کے راستے پر گامزن ہیں اور جلد مستحکم نمو دیکھیں گے یہ ایک بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے کہ ہم صرف 40 فیصد درآمدات کی ادائیگی برآمدات سے کرسکتے ہیں 60 فیصد کے لیے ہمیں ترسیلات زر اور قرضوں پر انحصار کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے ہم بار بار ادائیگیوں کے توازن کا مسئلہ درپیش رہتا ہے۔ کورونا وائرس کی عالمگیر وباء کے دوران دنیا بھر میں تجارت کم، پیٹرولیم مصنوعات، گیس سستی ہوگئی تھی اس دوران ادائیگیوں میں توازن آگیا تھا لیکن اس کے بعد جیسے ہی نمو کی اور وہی نسخہ اپنایا گیا تو ادائیگیوں کا توازن بگڑ گیا۔ وزیرخزانہ نے بتایا ہے کہ بڑے عرصے کے بعد پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 10 ارب ڈالر سے کم ہوکر 9.6 ارب ڈالر کی سطح پر آگئے ہیں اور آئندہ پیر یا منگل تک چین سے دوسو چالیس کروڑ ڈالر ملنے کے بعد یہ دوبارہ بارہ ارب ڈالر کی سطح پر آجائے گا ہمیں نہیں پتہ کہ اگلے مالی سال کے لئے وفاقی حکومت کیا اہداف رکھتی ہے اور کن ترجیحات کا تعین کرتی ہے آج جو بجٹ پیش ہوگا اس میں ساری صورتحال کھل کر واضح ہوجائے گی کہ موجودہ حکومت عوام کی ریلیف وآسانی سے لے کر ترقیاتی اہداف کے حصول تک اور معیشت کی بحالی واستحکام سے لے کر برآمدات و درآمدات اور ٹیکسوں سے متعلق کیا اعلانات کرتی ہے تاہم ایک بات طے شدہ اور عین مبنی برحقیقت ہے کہ اگر حکومت نے ملک وقوم کی امیدوں اور توقعات پر پورا اترنا ہے تو اس نے مشکل فیصلے کرنے ہوں گے آمدن اور اخراجات میں توازن لانے، اخراجات میں زیادہ سے زیادہ کمی اور ساتھ ہی ساتھ مختلف بحرانوں کے آگے حکومت نے بند بھی باندھنے ہیں اور ترقیاتی اہداف کو بھی مدنظر رکھنا ہے۔ بجٹ جہاں کسی بھی حکومت کی آمدن اور اخراجات کا مکمل آئینہ ہوتا ہے وہاں یہ ترقیاتی اور غیرترقیاتی شعبہ جات میں منقسم ہوتا ہے ترقیاتی بجٹ سے متعلق مکمل اور مصدقہ تفصیلات بجٹ پیش ہونے کے بعد ہی سامنے آئیں گی تاہم یہاں اس بات کا ذکر بھی ضروری ہے کہ بلوچستان نے اگلے مالی سال کی پی ایس ڈی پی پر باقاعدہ اور باضابطہ طور پر اپنے تحفظات کھول کر رکھ دیئے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے عین مبنی برحقیقت موقف اور بیانیے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے بلوچستان کے لئے وفاقی پی ایس ڈی پی میں زیادہ سے زیادہ رقم مختص کی جائے گزشتہ روز صوبائی وزراء نے ترجمان حکومت بلوچستان کے ہمراہ بلوچستان ہاؤس اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نیشنل فنانس کمیشن کا اجلاس بلاکر بلوچستان کے محاصل زیادہ سے زیادہ بڑھا دیئے جائیں اور ساتھ ہی ساتھ اگلے مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کو زیادہ سے زیادہ اہمیت دی جائے۔ صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے اگلے مالی سال کے وفاقی بجٹ میں بلوچستان کے لئے کوئی نئی ترقیاتی اسکیم نہیں رکھی گئی ہے وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کو مکمل نظرانداز کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسپیشل پیکج کی آڑ میں بلوچستان کے حق سلب کئے جارہے ہیں جس کی ہم کسی بھی صورت اجازت نہیں دیں گے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات نے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس کا حوالہ دیتے ہوئے اس کے بائیکاٹ تک کی بات کی ہے اور کہا ہے کہ ہم نے اپنے تحفظات سے وزیراعظم میاں شہباز شریف کو آگاہ کیا ہے اور انہوں نے ہمیں تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ سیاسی جماعتیں بلوچستان کی پسماندگی کی باتیں تو کرتی ہیں اور کہتی ہیں کہ بلوچستان کو زیادہ سے زیادہ فنڈز ملنے چاہئیں مگر صوبے کی پسماندگی کے خاتمے کے لئے کوئی سیاسی جماعت فنڈز دینے کے لئے تیار نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں عمران خان کے دور حکومت کے ساؤتھ بلوچستان پیکج کے علاوہ کوئی اسکیم نہیں تھی جب اس حوالے سے وزیراعظم سے سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ جاری اسکیمات کی مد میں بلوچستان کو پیسے دیئے جارہے ہیں وفاقی بجٹ میں بلوچستان کا حصہ 100 ارب سے زیادہ بنتا ہے مگر وہ جاری اور جنوبی بلوچستان پیکج میں ڈال دیا گیا ہے۔ یقیناً اس بات سے کوئی اختلاف نہیں کہ جنوبی بلوچستان پیکج کے منصوبے بھی بلوچستان ہی میں جاری ہیں اور یہ ان علاقوں میں ہیں جو مختلف وجوہات کی بناء پر ماضی میں ترقی کے عمل میں پیچھے رہ گئے ان علاقوں کو ملک کے باقی حصوں کے برابر لانے ہی کے لئے سابق حکومت نے اس خصوصی پیکج کا اجراء کیا جس کے تحت اب مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے ان منصوبوں کی تکمیل ہونی چاہئے اور یہ بھی عین حقیقت ہے کہ آن گوئنگ سکیمات بھی فنڈز چاہتی ہیں کہ یہ منصوبے تبھی مکمل ہوں گے جب ان کے لئے فنڈز رکھے جائیں گے لیکن نئی سکیمات یکسر نہ ڈالنا درست عمل اور نیک شگون نہیں سو وفاقی حکومت کو چاہئے کہ اگلے مالی سال کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے زیادہ سے زیادہ منصوبے رکھے جائیں آن گوئنگ سکیمات کیلئے بھی فنڈز ضروری ہیں لیکن نئی سکیمات بھی پی ایس ڈی پی کا حصہ ہونی چاہئیں کیونکہ بلوچستان میں جابجا پھیلی پسماندگی، غربت اور دیگر مسائل کا خاتمہ اس وقت تک ممکن نہیں ہوسکتا جب تک وفاقی حکومت بلوچستان حکومت کی زیادہ سے زیادہ معاونت کو یقینی نہیں بناتی سو لازم ہے کہ بلوچستان کے مبنی برحقیقت موقف اور بیانیے کی تائید وحمایت کرتے ہوئے صوبے میں ترقیاتی عمل میں تیزی لانے، پہلے سے جاری منصوبوں کی تکمیل اور ساتھ ہی ساتھ نئے منصوبوں کے اجراء کو یقینی بنایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

13

Bullet No. 6

Dated: 10 JUN 2022 Page No.


## بلوچستان میں ترقیاتی عمل وفاقی حکومت کو اپنے وعدے پورے کرنے چاہئیں

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اگلے مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کے حوالے سے بتایا ہے کہ بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر، بجلی کے منصوبوں، تعلیم اور گوادر میں ترقی کا عمل تیز کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ بلوچستان میں 180 میگاواٹ کے بجلی منصوبے کے لئے ایران سے مذاکرات جاری ہیں جس سے مکران میں بجلی کا مسئلہ حل کرنے میں مدد ملے گی۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ اگلے سال مارچ میں مکمل کیا جائے گا۔ جبکہ گوادر ہی میں یونیورسٹی کے قیام کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں بلوچستان ہمارا ہدف ہوگا۔ صوبے کے نوجوانوں کے لئے بھی کئی منصوبوں کا آغاز کیا جائے گا۔ اگلے مالی سال کا وفاقی اور صوبائی بجٹ آنے والا ہے۔ جنہیں تیزی سے حتمی شکل دی جارہی ہے۔ بلوچستان کو ماضی میں پسماندہ اور احساس محرومی کا شکار رکھا گیا اس لئے یہاں دوسرے صوبوں کی طرح ایک مضبوط انفراسٹرکچر قائم نہ ہوسکا۔ سی پیک منصوبے کے آغاز کے بعد بلوچستان کو اس منصوبے میں جو اہمیت دی جانی تھی وہ بھی نہیں دی گئی اس لئے یہاں وفاقی اور صوبائی دونوں سطحوں پر ترقی کا عمل تیز کرنے اور غیر معمولی وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کے اپنے وسائل بہت محدود ہیں لہٰذا اسے بڑے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کے لئے وفاق کی طرف دیکھنا پڑتا ہے لیکن جب خود وفاق بھی معاشی بحران کا شکار ہو تو پھر ترقیاتی عمل بری طرح متاثر ہوتا ہے۔ وفاقی حکومت نے بلوچستان کی ترقی پر فوکس کرنے اور اہم منصوبوں پر عملدرآمد کا اعادہ تو کیا ہے لیکن دیکھنا ہوگا کہ یہ وعدہ کس حد تک عملاً ایفاء ہوگا۔ بلوچستان میں مواصلات اور بجلی کے شعبوں میں وفاق نے کئی بڑے منصوبوں کا اعلان کردیا ہے جس میں کراچی کوئٹہ چلاک قومی شاہراہ کو دورویہ کرنے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ بلوچستان کو دوسرے صوبوں سے ملانے اور صوبے کے شہروں میں آپس میں ملانے کی کئی منصوبے بھی جاری ہیں ان کے لئے وفاقی سطح پر کافی فنڈنگ کی ضرورت ہوگی۔ اس کے علاوہ ایران سے مکران کے لئے بجلی کے نئے منصوبے کو بھی تیزی سے آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اس منصوبے کے لئے ایران کے ساتھ مذاکرات کا سلسلہ کافی عرصے سے جاری ہے۔ لیکن نامعلوم وجوہات کی بناء پر اس میں تاخیر ہورہی ہے۔ اس منصوبے کو ترجیحی بنیادوں حتمی شکل دینے کی ضرورت ہے تاکہ مکران خصوصاً گوادر کے لئے بجلی کی ضروریات پوری ہوسکیں۔

## بلوچستان میں گندم اور آٹے کے بحران کا سدباب کیا جائے

بلوچستان میں بھی گندم اور آٹے کا بحران سر اٹھا رہا ہے۔ اور حکومتی یقین دہانیوں کے باوجود کئی اضلاع میں آٹے اور گندم کے نرخوں میں غیر معمولی اضافے نے عوام کو پریشانی سے دوچار کردیا ہے۔ یہ کہا جارہا ہے کہ بحران گندم کی نقل وحمل پر پابندی کے باعث پیدا ہورہا ہے۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کو اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے صوبے کے تمام اضلاع میں آٹے اور گندم کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کیلئے انتظامیہ کو واضح اور دوٹوک ہدایت دینی چاہئیں، بتایا جارہا ہے کہ بحران کے باعث کئی علاقوں میں آٹے کی 100 کلوگرام کی بوری آٹھ سے دس ہزار میں فروخت ہورہی ہے۔ یہ قیمت بلوچستان کے عام لوگوں کی استطاعت سے باہر ہے خصوصاً اندرون بلوچستان کے لوگ اس صورتحال سے زیادہ متاثر ہورہے ہیں وزیراعظم نے آٹا عوام کو ارزاں نرخوں پر فراہم کرنے کا جو فیصلہ کیا ہے اس کا اطلاق بلوچستان بھر میں ہونا چاہیے توقع ہے کہ صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے اس معاملے پر سنجیدگی سے توجہ دیتے ہوئے صوبے میں آٹے اور گندم کے بحران پر قابو پانے اور اس کی قیمتوں کو معمول پر لانے کے لئے فوری اور ترجیحی اقدامات اٹھائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 10 JUN 2022 Page No. 14


# Upcoming Balochistan's budget

The preparation of Balochistan government for annual budget 2022-23 is underway and it is expected the government will announce it in the middle of next week. The legislators are claiming that consultations are underway to include more public welfare schemes in the forthcoming budget to provide facilities to the masses and developing rural areas, particularly to those which were ignored in the past.

Spokesperson of Balochistan government Farah Azeem Shah says the provincial government would present balanced, relief-oriented and pro-people budget for the upcoming fiscal year 2022-23. Reportedly, the provincial government is focusing on construction of more roads in the forthcoming budget besides other sectors. For many years, the Balochistan government presented a deficit budget and this time again according to media reports the provincial government will come up with a deficit budget. Before finalizing upcoming provincial budget, the government must consult with financial experts who understand and well- aware of Balochistan's problems. The provincial government has urged the public for the first time in the history to identify the areas of investment in terms of priority which could improve the overall socio-economic situation in the province. In this regard the finance department must seek opinion and suggestions in making financial policies, resource allocation and fund utilization in the province. It is necessary that the government must give great importance to the views and suggestions of the masses in framing its policies and prioritizing strategies according to service areas provided by the authority and need of the citizens. Having a lack of maximum funds, it is essential that the government and its authorities must utilize public resources with utmost sincerity and carefulness. For instance, in many rural areas there is dire need of drinking water schemes, schools and healthcare centers while constructing sports complexes and unnecessary roads in such areas will be an unwise decision. It is also essential that the government must properly utilize funds and resources particularly in those areas which were most backward. The government must avoid neglecting or ignoring the constituencies of opposition members of Balochistan Assembly. Allocation of maximum resources are needed to improve education and health sectors, while paying extra ordinary focus on agriculture and livestock sectors is also inevitable because they are the mainstay of the economy of the province. Hopefully, the provincial government will come up with a balanced budget and will not ignore the government employees.

The provincial government must pursue a policy of austerity and taking all possible steps to reduce all unnecessary expenditure to provide relief to the people.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 10 JUN 2022 Page No.________



صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو اپنے آفس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

JANG QUETTA



کوئٹہ' صوبائی وزیر نصیب اللہ مری سے
میر عمر خان جمالی ملاقات کر رہے ہیں